CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | جمعۃ المبارک، 31 جولائی 2026ء، 16 صفر 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 203

آئل ریفائننگ پالیسی میں ترامیم منظور، سٹریٹیجک ذخائر بڑھانے کی ہدایت

آئل ریفائنریز کی اَپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے اور یہ پاکستان کے توانائی تحفظ (انرجی سیکیورٹی) کے جامع نظام کا ایک اہم ستون ہے، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ریفائنریز نہ صرف ملک کی توانائی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کریں گی

درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے اور ماحول دوست ایندھن کی فراہمی میں بھی معاون ثابت ہوں گی۔ اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ موجودہ ریفائنریز کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کیلئے ان کی اَپ گریڈیشن ناگزیر ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان آئل ریفائننگ پالیسی 2023 میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دے دی اور ملک میں پٹرولیم مصنوعات کے سٹریٹیجک ذخائر بڑھانے کی ہدایت بھی کی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس وزیراعظم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر وزیراعظم نے کہا کہ آئل ریفائنریز کی اَپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے اور یہ پاکستان کے توانائی تحفظ (انرجی سیکیورٹی) کے جامع نظام کا ایک اہم ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ریفائنریز نہ صرف ملک کی توانائی ضروریات کو بہتر انداز میں پورا کریں گی بلکہ درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے اور ماحول دوست ایندھن کی فراہمی میں بھی (بقیہ نمبر 38)

لگی قیادت کا مبینہ دھاندلی سے حاصل کی گئی کامیابی کو عوامی مینڈیٹ قرار دینا مضحکہ خیز ہے، شیری رحمن

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ لگی قیادت کا مبینہ (بقیہ نمبر 6)

سپریم کورٹ نے چودھری پرویز الٰہی کی ضمانت منسوخی کی اپیل نمٹا دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے حکومت پنجاب کی جانب سے سابق وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 5)

آئی ٹی برآمدات میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، شزہ فاطمہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ آئی ٹی برآمدات میں تیزی (بقیہ نمبر 4)

ڈاکٹر عارف علوی اور اہلخانہ کے بینک اکاؤنٹس بلاک کرنے کا کیس، تفتیشی افسر کو طلب کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں سابق صدر ڈاکٹر عارف علوی اور ان کے اہلخانہ کے بینک (بقیہ نمبر 3)

جیل میں عالیہ حمزہ پر قاتلانہ حملے کی اطلاع ملی ہے، سلمان اکرم راجہ

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے امریکہ کے تاجروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت کے فروغ میں اہم پیش رفت

مالی سال 2026 میں آئی ٹی اور آئی سی ٹی برآمدات 21 فیصد اضافے کے ساتھ ریکارڈ 4.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

اسحاق ڈار کی زیر صدارت بیرون ملک پاکستان کے سفارتی مشنز کی تنظیم نو سے متعلق قائم کمیٹی کا اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل معیشت میں عالمی مسابقت کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ پاکستان کا آئی ٹی شعبہ نمایاں سنگِ میل عبور کرتے ہوئے عالمی سطح پر اپنی اہمیت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 8)

پنجاب زراعت کے ڈیجیٹل دور میں داخل، کھیت ٹیسٹ موقع پر رپورٹ

وزیراعلیٰ نے پنجاب کے کسانوں کیلئے انقلابی پراجیکٹ ''لیب آن ویلز'' لانچ کر دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں زراعت کو ڈیجیٹل دور میں داخل۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے کسانوں کے لئے انقلابی پراجیکٹ ''لیب آن ویلز'' کا آغاز کر دیا۔ کسان کی صرف ایک کال سے جدید سائنسی لیبارٹری سیدھی اس کے کھیت میں حاضر ہو جائے گی۔ لیب آن ویلز کی ٹیمز کسان کے کھیت سے مٹی اور پانی کے نمونے آن دی سپاٹ حاصل کرے گی۔ کسان کے (بقیہ نمبر 9)

بلاول بھٹو زرداری آزاد کشمیر میں شکست تسلیم کریں: وزیراعلیٰ پنجاب

پیپلز پارٹی نے گلگت بلتستان میں الیکشن جیتے تو ٹھیک اور انہیں آزاد کشمیر میں دھاندلی نظر آ رہی ہے جبکہ یہاں تو نگراں حکومت نہیں ہوتی اور گزشتہ ایک سال سے پیپلز پارٹی کی حکومت ہے: وزیراعلیٰ پنجاب

بلاول کی جانب سے آج جو زبان استعمال کی گئی اُس پر افسوس ہے مگر کیا وہ دھاندلی کا الزام اپنی ہی حکومت اور وزیراعظم پر لگا رہے ہیں کیونکہ یہاں تو پی پی کی حکومت کی زیر نگرانی الیکشن ہوئے: خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آزاد کشمیر الیکشن کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کا عاجزی کے ساتھ شکر کہ مسلم لیگ ن کو میرپور ڈویژن میں پہلے مرحلے میں شاندار کامیابی عطا فرمائی۔ آزاد کشمیر اور میرپور و کوٹلی کے عوام کو مبارکباد دیتی ہوں کہ انہوں نے بہترین فیصلہ کیا۔ میرپور کے لوگوں نے اپنے بچوں کے بہترین مستقبل اور ترقی پر مہر لگائی۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے شیر پر مہر نہیں لگائی اپنی کامیابی اور آزاد کشمیر کی ترقی پر مہر لگائی۔ سمجھتی ہوں کہ پہلا مرحلہ کامیابی سے جیتا جس کا اثر پورے آزاد کشمیر پر ہوگا۔ امید ہے آزاد کشمیر کے (بقیہ نمبر 13)

صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق ڈی کی جھنگ کے آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا کوئٹہ میں بزدلانہ حملہ، ایک شہری شہید

حملے میں بچے سمیت 4 افراد زخمی، پولیس، بچہ علاج کیلئے آیا تھا حملے کا شکار ہو گیا

اسلام آباد (این این آئی) کوئٹہ میں فتنہ الہندوستان کے بزدلانہ حملے میں ایک شہری شہید ہو گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی جانب سے کوئٹہ میں ٹیپل روڈ پر حملہ کیا گیا، فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے بزدلانہ حملے میں ایک شہری شہید جبکہ ایک بچے سمیت 4 افراد زخمی ہوئے۔ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے حملے میں (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: آذربائیجان کے سفیر خزر رفرہادوف کی پارلیمنٹ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات۔

محکمہ داخلہ میں پولیس شہدا پیکیج کی منظوری سے متعلق اہم اجلاس

وزیر قانون کی صدارت کمیٹی نے 14 شہدائے پولیس کیلئے شہدا پیکیجز، گھروں اور مالی مراعات کی منظوری دی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت پولیس شہداء پیکج سے متعلق اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، ایڈیشنل آئی جی عمران ارشد، ایڈیشنل سیکرٹری پولیس کنور انوار علی خان، (بقیہ نمبر 12)

عمران خان رہائی فورس کیس، آئینی عدالت کا فریقین کو جواب جمع کرانے کیلئے مہلت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے پی ٹی آئی عمران خان کی مبینہ رہائی فورس سے متعلق دائر آئینی درخواست (بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور امریکا کی سٹریٹیجک شراکت داری مزید مضبوط ہو رہی ہے، اسحاق ڈار

دونوں ممالک بہتر اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک لے جا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے امریکی کاروباری اداروں کو پاکستان میں بہتر سرمایہ کاری کی فضا سے فائدہ اٹھانے کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک بہتر اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے ذریعے آئندہ پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو بڑھا کر 20 ارب ڈالر تک لے جا سکتے ہیں، معروف امریکی کمپنیاں پاکستان میں ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، (بقیہ نمبر 14)

پاک بحریہ کے 4 کموڈورز کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی

کموڈور تصور اقبال، محمد عمیر، شاہد واصف اور راا احمد عمران انور کو اگلے عہدے پر ترقی دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ کے کموڈور تصور اقبال، کموڈور محمد عمیر، کموڈور شاہد واصف اور کموڈور راا احمد عمران انور کو ریئر ایڈمرل کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق ریئر ایڈمرل تصور اقبال نے 1995 میں پاک بحریہ کی آپریشنز برانچ میں کمیشن حاصل کیا، وہ پاکستان نیوی وار کالج، لاہور اور نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی، اسلام آباد سے فارغ التحصیل ہیں۔ انہوں نے فرانس سے انٹر سروسز اسٹاف کورس بھی کیا ہے۔ اپنے شاندار کیریئر کے (بقیہ نمبر 15)

بلاول بھٹو زرداری کا حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کو خراج عقیدت

کراچی/ اسلام آباد/ لاہور/ حیدرآباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے عظیم صوفی بزرگ کا لازوال پیغام آج بھی محبت، امن، رواداری اور انسانیت کی ابدی (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان محکمہ داخلہ میں شہدائے پولیس پیکج بارے اجلاس کے دوران شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کر رہے ہیں۔

محسن نقوی کی قطری ہم منصب سے ملاقات

سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال

دوحہ (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دوحہ میں قطری ہم منصب و کمانڈر داخلی سلامتی فورس (لخویا) شیخ خلفیہ بن حمد بن خلفیہ الثانی سے اہم ملاقات کی جس میں سکیورٹی سے متعلقہ شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں وزرائے داخلہ نے سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں وزارت داخلہ کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں وزرائے داخلہ نے خطے کی موجودہ صورتحال (بقیہ نمبر 17)

ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا ن لیگ کا مفاد: بلاول

میرپور کے عوام نے پیپلز پارٹی کو اکثریت دلوائی، ن لگ رہا ہے ریاست کا ہر فیصلہ ن لیگ کو ترجیح دے رہا ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے الیکشن میں میرپور اور کوٹلی کے ووٹ پر ڈاکہ مارا گیا، ریاست کو فیصلہ کرنا ہے کہ ہمارے لیے قومی مفاد زیادہ اہم ہے یا (ن) لیگ کا مفاد زیادہ اہم ہے، (ن) لیگ کے مفاد کے نام پر پاکستان کا کیا حال ہوا، کشمیر کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، یہ آزاد کشمیر ہے، انٹرنیٹ بند کرنے سے یہ آزاد کشمیر نہیں مقبوضہ کشمیر لگے گا، اسے (بقیہ نمبر 29)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق مون سون انتظامات پر چیف آفیسرز کے ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مون سون، ہر شہر میں پیشگی انتظامات کئے جائیں، وزیر بلدیات

کسی دوسرے شہر میں نکاسی آب کی صورتحال زیادہ خراب ہو تو مشینری وہاں بھیجی جائے اس کیلئے کسی اجازت کا انتظار نہ کیا جائے

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ مون سون کے دوران پی ڈی ایم اے اور محکمہ موسمیات کی وارننگ کے مطابق ہر شہر میں پیشگی انتظامات کئے جائیں، کسی دوسرے شہر میں نکاسی آب کی صورتحال زیادہ خراب ہو تو مشینری وہاں بھیجی جائے اور اس کیلئے کسی اجازت کا انتظار نہ کیا جائے۔ سانده روڈ پر لوکل گورنمنٹ بورڈ کمپلیکس میں (بقیہ نمبر 20)

لاہور ایئرپورٹ اور اطراف میں طوفان کے باعث 10 پروازیں تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) لاہور ایئرپورٹ اور اطراف میں طوفان باد و باراں کے باعث پروازوں کے لیے الرٹ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جدہ سے لاہور آنے والی نجی ایئر کی پرواز پی اے 471 علامہ اقبال ایئرپورٹ پر لینڈ نہ کر سکی، پرواز کو ملتان ایئرپورٹ پر اتارا گیا۔ ری فیولنگ کے بعد موسم بہتر ہونے پر (بقیہ نمبر 30)

اٹارنی جنرل پاکستان کے گھر چھاپہ مارنے پر ایس ایچ او سمیت 11 اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور اعوان کے گھر پر چھاپہ مارنے پر ایس ایچ او سمیت 11 اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق اٹارنی جنرل کے ڈرائیور عرفان نے بتایا کہ پولیس نے چھاپہ مارا تو صرف ملازم گھر پر تھے، پولیس اہلکاروں نے گھر کے باہر رکھے گملے بھی توڑ دیئے، پولیس پارٹی جاتے ہوئے (بقیہ نمبر 31)

مومنہ اقبال کیس ہراساں، دھمکیاں دینے کے کیس میں ثاقب چدھڑ، اہلیہ کی ضمانت میں توسیع

ثاقب چدھڑ کی حد تک تفتیش مکمل، قصوروار قرار پائے، اہلیہ نے دو روز قبل جمع کرایا، تفتیشی افسر کا بیان

لاہور (این این آئی) اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں اور دھمکیاں دینے کے مقدمے میں رکن پنجاب اسمبلی ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ عبوری ضمانت میں توسیع کر دی گئی۔ ایڈیشنل سیشن جج نصرت صدیقی نے اداکارہ مومنہ اقبال کو ہراساں کرنے اور دھمکیاں دینے کے مقدمے میں لگی رکن اسمبلی ثاقب چدھڑ اور ان کی اہلیہ سمیرا کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ مومنہ اقبال کی جانب سے عدنان احسان ایڈووکیٹ جبکہ ثاقب چدھڑ کی جانب سے رانا (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی: پنجاب کے سینئر وزیر مین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق ڈی کی جھنگ کے آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

شرجیل میمن ٹھنڈا پانی پئیں سر پر بھی ڈالیں کشمیری عوام نے اپنا فیصلہ دیا: سید عظمیٰ بخاری

پیپلز پارٹی کے پری پول دھاندلی کے منصوبے ناکام ہوئے، ہار پر پی ٹی آئی جیسا رویہ نہ اپنایا جائے' وزیر اطلاعات پنجاب کا ردعمل

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ شرجیل میمن ٹھنڈا پانی پئیں اور سر پر بھی ڈالیں، کشمیری عوام نے اپنا فیصلہ سنا دیا ہے، پیپلز پارٹی کے پری پول دھاندلی کے منصوبے ناکام ہوئے، ہار پر پی ٹی آئی جیسا رویہ نہ اپنایا جائے۔ انہوں نے شرجیل میمن کے بیان پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پیارے بھائی: ٹھنڈا پانی پئیں اور سر پر بھی ٹھنڈا پانی ڈالیں، صبح ہو گئی ہے، الیکشن ہو (بقیہ نمبر 19)

ایف آئی اے کا ایجنٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن، 6 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے ایجنٹ مافیا کے خلاف مختلف شہروں میں کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 پاسپورٹ ایجنٹ، ملازمین اور 2 ویزا ایجنٹ گرفتار کر لیے۔ ترجمان کے مطابق کارروائیاں ایف آئی اے اینٹی کرپشن اور انسداد

ٹیلی کام سروسز بلا تعطل رکھنے کیلئے وزارت آئی ٹی کی ہدایات جاری

نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو محفوظ بنانے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزارت آئی ٹی نے مون سون بارشوں اور ممکنہ ہنگامی صورتحال کے پیش نظر ملک بھر میں ٹیلی کام سروسز کو بلا تعطل برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ اداروں اور کمپنیوں کو ضروری ہدایات جاری کر دی ہیں۔ وزارت آئی ٹی نے تمام ٹیلی کام کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو محفوظ بنانے کیلئے پیشگی اقدامات یقینی بنائیں تاکہ شدید بارشوں یا قدرتی آفات کے دوران مواصلاتی نظام متاثر نہ ہو۔ ذرائع وزارت آئی ٹی (بقیہ نمبر 22)

گیس کی بندش پنڈی سندرانہ کے عوام کا احتجاج، فوری فراہمی کا مطالبہ

اہل علاقہ کا شکوہ، گیس سنہ ہونے کے باوجود من مرضی کے بل بھیجے جا رہے ہیں

پنڈی سندرانہ میں گیس کی فراہمی کو فوری بحال کیا جائے اور بلنگ کا نظام شفاف بنایا جائے

جلالپور بھٹیاں (سلیمان محسن) جلالپور بھٹیاں کے نواحی گاؤں پنڈی سندرانہ کے مکین گیس کی مسلسل بندش سے شدید پریشان ہیں علاقہ مکینوں کے مطابق سردیوں میں گیس بالکل نہیں آتی اور گرمیوں میں بھی پریشر نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس وجہ سے گھروں کے چولہے دن بھر ٹھنڈے رہتے ہیں۔ خواتین کو کھانا پکانے کے لیے لکڑیاں اور مہنگے سلنڈر استعمال کرنا پڑ رہے ہیں اہل علاقہ کا سب سے بڑا شکوہ بلوں کے متعلق ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ جب گیس آتی ہی نہیں تو بل کس چیز کے بھیجے جاتے ہیں میٹر بند ہونے کے باوجود 2 سے 3 ہزار کے بل آ جاتے ہیں شکایت کرنے پر بھی کوئی شنوائی نہیں ہوتی مکینوں نے کہا کہ انتخابات سے پہلے تمام سیاسی پارٹیوں کے دعوے یہیں رہ گئے اب کوئی پرسان حال نہیں اہل علاقہ نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ پنڈی سندرانہ میں گیس کی فراہمی کو فوری بحال کیا جائے اور بلنگ کا نظام شفاف بنایا جائے تاکہ غریب عوام کو ریلیف مل سکے

مسلح افواج پر بے بنیاد الزامات، نورین نیازی کیخلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج

نورین نیازی نے ریاستی اور سکیورٹی اداروں کے خلاف منظم پروپیگنڈا کیا، ایف آئی آر

اسلام آباد (این این آئی) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی بہن نورین نیازی کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ نورین نیازی کے خلاف مقدمے کا اندراج پیکا ایکٹ کی سیکشن 20 اور 26 اے کے تحت کیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن میں کہا گیا کہ نورین نیازی نے پاکستان اور مسلح افواج پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات عائد کیے، ریاست پر عوام کا اعتماد متزلزل کرنے اور سراسیمگی پھیلانے کی کوشش کی گئی۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق نورین نیازی نے (بقیہ نمبر 32)

وزیراعلیٰ پنجاب خود ممکنہ سیلابی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہی ہیں: مریم اورنگزیب

سینئر وزیر پنجاب کی زیر صدارت ممکنہ سیلابی صورتحال سے متعلق اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت ممکنہ سیلابی صورتحال کے حوالے سے اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق، ارکان اسمبلی، سیکرٹری ایمرجنسی سروسز، ڈی جی پی ڈی ایم اے، ڈی جی واسا، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ممکنہ (بقیہ نمبر 33)

لاہور کمشنر لاہور ڈویژن نعمان یوسف چیلم حضرت امام حسین اور عرس داتا نفع بخش انتظامات کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ورچوئل کرنسی کے ذریعے کالعدم تنظیموں کی مالی معاونت روکنے کا فیصلہ

ورچوئل کرنسی انویسٹی گیشن سیل قائم، نیشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر بھی قائم کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے نے ورچوئل کرنسی کے ذریعے کالعدم تنظیموں کی مالی معاونت اور غیر قانونی مالی سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے ورچوئل کرنسی انویسٹی گیشن سیل قائم کر دیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے کی منظوری سے نئے سیل کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ خصوصی یونٹ کرپٹو کرنسی اور بلاک چین کے مجرمانہ (بقیہ نمبر 24)

اگلے ماہ مجموعی طور پر 12 تعطیلات متوقع

لاہور (این این آئی) اگلے ماہ 2 وفاقی تعطیلات اور 10 ہفتہ وار چھٹیوں کے ممکنہ موقع پر عوام کو مجموعی طور پر 12 چھٹیاں ملنے کی توقع ہے۔ پاکستانی عوام کو اگست میں لگاتار 3 چھٹیاں منانے کا موقع مل بھی رہا ہے۔ کلینڈر ایئر کے مطابق (بقیہ نمبر 23)



لاہور: صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر سیکرٹری توانائی اور چیف ایگزیکٹو قائداعظم سولر پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا سرکاری خزانے میں جمع کرانے کے لئے 2 ارب روپے کے عبوری ڈیویڈنڈ کے چیک کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

پی پی ایس سی کی ایک نشست کیلئے 5 امیدوار بلانے کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ جاری

انٹرویو کے لیے ایک نشست کے لیے پانچ امیدوار بلانے کی پالیسی میں مداخلت کا کوئی جواز موجود نہیں، درخواست خارج

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ایک نشست کے لیے پانچ امیدواروں کو انٹرویو کے لیے بلانے کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ جاری کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ملک محمد اویس خالد نے پی پی ایس سی کے پی ایم ایس فنسٹریل کوٹہ کے امتحان کے لیے جاری اشتہار کے خلاف اکیس درخواستوں پر تحریری حکم جاری کر دیا۔ فیصلے (بقیہ نمبر 34)

فلور ملز مالکان کا ایکس مل پرائس میں 8 روپے فی کلو کمی کا اعلان

فلور ملز مالکان کے فیصلے کے بعد آٹے کی ایکس مل پرائس 133 روپے سے کم ہو کر 125 روپے ہو جائے گی

کراچی (این این آئی) فلور ملز مالکان نے ایکس مل پرائس میں 8 روپے فی کلو کمی کا اعلان کر دیا۔ چیف سیکرٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ کی ہدایت پر کراچی میں آٹے کی قیمت پر کمشنر کراچی سید حسن نقوی اور فلور ملز مالکان کے درمیان کمشنر کراچی کے دفتر میں کامیاب (بقیہ نمبر 37)

قطر نے اپنی سمندری حدود میں جہاز رانی عارضی طور پر معطل کر دی

دوحہ (این این آئی) قطر نے عوامی تحفظ کے پیش نظر اپنی سمندری حدود میں بیشتر جہازوں کے لیے جہاز رانی اور تمام بحری سرگرمیاں تاحکم ثانی معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق قطر کی وزارت نقل و حمل نے گزشتہ روز بیان میں بحری جہازوں کے مالکان (بقیہ نمبر 35)

بولان میں دو ٹرکوں میں تصادم، 3 افراد جاں بحق، قومی شاہراہ بند

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقے بولان میں دو ٹرکوں کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق ہو گئے۔ (بقیہ نمبر 36)

الفضل کلیکشن کی عالم مارکیٹ ملکہ میں آمد، شاندار تقریب افتتاح کا انعقاد

جس میں علاقے کی معروف سیاسی، سماجی، کاروباری اور مذہبی شخصیات نے خصوصی شرکت کی

افتتاحی تقریب میں کونسلر ملک اشفاق، ملک یونس (اٹلی)، ایکسین PTCL حسن منیر، حافظ طارق و دیگر نے شرکت کب

گلیانہ (محمد شیراز مغل) الفضل کلیکشن عالم مارکیٹ ملکہ کا شاندار افتتاح، سیاسی و سماجی شخصیات کی بھرپور شرکت ضیاء الحق شہید چوک ملکہ میں الفضل کلیکشن عالم مارکیٹ کا شاندار افتتاح کیا گیا، جس میں علاقے کی معروف سیاسی، سماجی، کاروباری اور مذہبی شخصیات نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کی سعادت مولانا زبیر سعدی صاحب نے حاصل کی۔ افتتاحی تقریب میں کونسلر ملک اشفاق صاحب، ملک یونس صاحب (اٹلی)، ایکسین PTCL حسن منیر، حافظ طارق صاحب (انجمن تاجران ملکہ)، ملک شہباز صاحب (اوور الخیر سپورٹس ملکہ)، ملک ذوالفقار احمد زلفی صاحب (اوور سپورٹس ان کھاریاں کینٹ) اور فضل کریم باجوہ صاحب (کلیاں) سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ تقریب کے اختتام پر خطیب حافظ ریاض صاحب نے خصوصی دعا کرائی۔ شرکاء نے الفضل کلیکشن کے آغاز پر مالکان کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کاروبار میں ترقی، کامیابی اور خیر و برکت کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

ناصف اعوان کا ملاوٹ کے خاتمے کیلئے فوری اقدامات کا مطالبہ

غذائی اشیاء میں ملاوٹ عوامی صحت کیلئے خطرہ حکومت سے سخت کارروائی کی اپیل



لاہور سانگلہ ہل (نمائندگان) پنجاب عوامی فورم کے چیئرمین ناصف اعوان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملاوٹ کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنا اشد ضروری ہے کیونکہ غذاؤں میں جب ملاوٹ ہوگی تو لوگوں کی صحت بہتر نہیں ہوگی۔ اس وقت قریباً ہر کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹ کا زہر سرایت کر رہا ہے۔ دودھ جو بچوں بڑوں کے لئے یکساں مفید ہوتا ہے اس میں ایسے ایسے مضر صحت اجزاء شامل کیے جاتے ہیں کہ جس سے مختلف امراض جنم لیتے ہیں۔ ظاہر ہے پھر لوگوں کو ہسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ نجی ہسپتالوں میں عام آدمی کا جانا ناممکن ہوتا ہے۔ سرکاری شفاخانوں میں ان کا جو حال ہوتا ہے وہ سب کے سامنے ہے۔ اگر کسی کی کوئی سفارش ہو تو اسے ریلیف مل جاتا ہے وگرنہ غریب عوام رُل جاتے ہیں۔ اگر چہ حکومت مناسب اقدامات بھی کر رہی ہے مگر مطلوبہ نتائج بہت کم حاصل ہو رہے متعلقہ محکمے مبینہ طور سے اپنی مٹھی گرم کر کے خاموش رہتے ہیں۔ محکمہ فوڈ کم از کم دودھ میں ملاوٹ کرنے والوں کو آسانی سے قانون کی گرفت میں لا سکتا ہے مگر وہ اسے نذر انداز کر رہا ہے اور شہروں قصبوں میں دھڑا دھڑ ضرر رساں دودھ کی ترسیل جاری ہے۔ بھینسوں اور گایوں کو دودھ دوہنے سے پہلے جو ٹیکہ لگایا جاتا ہے اس سے بھی ہارمونز متاثر ہو کر لوگوں کو بیمار کر رہے ہیں لہذا ضروری ہے کہ حکومتی سطح پر اس کا سد باب کیا جائے کیونکہ اشیائے ضروریہ میں جو آمیزش کی جا رہی ہے اس سے مجموعی طور سے عوام کی صحت برباد ہو رہی ہے (پ ر) پنجاب عوامی فورم کے چیئرمین ناصف اعوان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملاوٹ کے بڑھتے ہوئے رجحان کو روکنا اشد ضروری ہے کیونکہ غذاؤں میں جب ملاوٹ ہوگی تو لوگوں کی صحت بہتر نہیں ہوگی۔ اس وقت قریباً ہر کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹ کا زہر سرایت کر رہا ہے۔ دودھ جو بچوں بڑوں کے لئے یکساں مفید ہوتا ہے اس میں ایسے ایسے مضر صحت اجزاء شامل کیے جاتے ہیں کہ جس سے مختلف امراض جنم لیتے ہیں۔ ظاہر ہے پھر لوگوں کو ہسپتالوں کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ نجی ہسپتالوں میں عام آدمی کا جانا ناممکن ہوتا ہے۔ سرکاری شفاخانوں میں ان کا جو حال ہوتا ہے وہ سب کے سامنے ہے۔ اگر کسی کی کوئی سفارش ہو تو اسے ریلیف مل جاتا ہے وگرنہ غریب عوام رُل جاتے ہیں۔ اگر چہ حکومت مناسب اقدامات کر رہا ہے مگر مطلوبہ نتائج بہت کم حاصل ہو رہے متعلقہ محکمے مبینہ طور سے اپنی مٹھی گرم کر کے خاموش رہتے ہیں۔ محکمہ فوڈ کم از کم دودھ میں ملاوٹ کرنے والوں کو آسانی سے قانون کی گرفت میں لا سکتا ہے مگر وہ اسے نذر انداز کر رہا ہے اور شہروں قصبوں میں دھڑا دھڑ ضرر رساں دودھ کی ترسیل جاری ہے۔ بھینسوں اور گایوں کو دودھ دوہنے سے پہلے جو ٹیکہ لگایا جاتا ہے اس سے بھی ہارمونز متاثر ہو کر لوگوں کو بیمار کر رہے ہیں لہذا ضروری ہے کہ حکومتی سطح پر اس کا سد باب کیا جائے کیونکہ اشیائے ضروریہ میں جو آمیزش کی جا رہی ہے اس سے مجموعی طور سے عوام کی صحت برباد ہو رہی ہے

بورے والا میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے شہری پریشان

شدید گرمی میں بجلی بحران پر شہریوں کا کارروائی کا مطالبہ

بورے والا (شوکت علی فریدی الراعی بیورو چیف) شدید گرمی میں بوریوالا میں دن اور رات کے اوقات میں بجلی کی بدترین غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ شہریوں کا واپڈا افسران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ۔ بوریوالا شہر میں واپڈا کی طرف سے دن اور رات کے اوقات میں بجلی کی بدترین غیر اعلانیہ غیر قانونی لوڈ شیڈنگ خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے جس سے شہری شدید مشکلات میں مبتلا ہو چکے ہیں بیمار اور بزرگ افراد کی زندگیاں حبس زدہ موسم میں داؤ پر لگ چکی ہیں سیٹلائیٹ، آئی بلاک، ڈی بلاک، اے بلاک، غلہ منڈی، مجاہد کالونی، لاہور روڈ، اور ملتان روڈ سمیت شہر بھر میں رات نماز عشاء کے بعد سے لیکر صبح نماز فجر تک ہر دو گھنٹے بعد بجلی بند کر کے شہریوں کو جان بوجھ کر اذیت سے دو چار کیا جا رہا ہے دن کے اوقات میں بھی واپڈا افسران من مرضی کرتے ہوئے کئی کئی گھنٹے شہری علاقوں میں غیر قانونی لوڈ شیڈنگ کر رہے ہیں شہریوں نے بجلی کی موجودہ صورتحال پر شدید احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے واپڈا افسران کے خلاف قانونی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈسکہ میں بارش بعد اے سی کا ہنگامی دورہ

نشیبی علاقوں میں نکاسی آب تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں

ڈسکہ: (عشرت انصاری) اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ محترمہ سعدیہ جعفر نے بارش کے بعد نشیبی علاقوں کا ہنگامی دورہ کیا اور نکاسی آب کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈسکہ انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کی ٹیمیں فیلڈ میں موجود تھیں جو پمپوں کے ذریعے پانی کی نکاسی میں مصروف تھیں۔ اے سی نے متاثرہ علاقوں میں صفائی اور نکاسی کے کام کی رفتار تیز کرنے کی ہدایت کی۔ محترمہ سعدیہ جعفر نے کہا کہ شہریوں کو درپیش مشکلات کو کم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ نشیبی علاقوں میں 24 گھنٹے عملہ تعینات ہے اور جہاں پانی کھڑا ہے وہاں فوری نکاسی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے تعاون کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ گلیوں میں کچرا نہ پھینکیں تا کہ نکاسی آب کا نظام متاثر نہ ہو۔

وہاڑی میں الیکٹرک بس سروس کا تاریخی افتتاح عوامی سہولت

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے جدید ماحول دوست بس سروس کا افتتاح کیا شہریوں کو سفری سہولت فراہم

وہاڑی (شوکت علی فریدی الراعی بیورو چیف الیکٹرک بس سروس کا باضابطہ افتتاح وہاڑی میں مرکزی تقریب خورشید انور سٹیڈیم میں منعقد، عوام، سول سوسائٹی اور لیگی کارکنوں کا بھرپور خیر مقدم، وزیر اعلیٰ کے عوام دوست اقدام کو زبردست خراج تحسین۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ویڈیو لنک کے ذریعے وہاڑی سمیت پنجاب کے سات اضلاع میں جدید، ماحول دوست الیکٹرک بس سروس کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ اس تاریخی موقع پر وہاڑی کی مرکزی افتتاحی تقریب خورشید انور سٹیڈیم میں منعقد ہوئی جہاں جشن کا سماں تھا اور شہریوں نے حکومت پنجاب کے اس فلاحی منصوبے کا بھرپور خیر مقدم کیا۔ ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ وہاڑی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ عوام کو جدید الیکٹرک بسوں کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بس کا کرایہ صرف 20 روپے مقرر کیا گیا ہے، جبکہ اس معمولی کرائے میں شہری 50 کلومیٹر سے زائد کا آرام دہ، محفوظ اور معیاری سفر کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں پنجاب بھر میں 1100 الیکٹرک بسیں عوام کی خدمت انجام دے رہی تھیں، تاہم اب ان کی تعداد بڑھا کر 3000 کر دی گئی ہے تا کہ مزید شہروں کے عوام بھی اس جدید سفری نظام سے مستفید ہو سکیں۔ خورشید انور سٹیڈیم میں منعقدہ مرکزی تقریب میں اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سابق و موجودہ عوامی نمائندگان، ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ، ڈی پی او تصور اقبال، مختلف سرکاری افسران، سیاسی و سماجی شخصیات، مسلم لیگ (ن) کے رہنما و کارکنان، مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا ٹیم، سول سوسائٹی کے نمائندگان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران خوشی، جوش و خروش اور جشن کا ماحول دیکھنے میں آیا۔ شرکاء نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہاڑی کو جدید اور باوقار سفری سہولت فراہم کرنا ایک تاریخی اقدام ہے، جس سے شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت میسر آئے گی۔ مقررین اور شرکاء کا کہنا تھا کہ الیکٹرک بس سروس سے نہ صرف ٹرانسپورٹ کا نظام جدید خطوط پر استوار ہوگا بلکہ عوام کو ماحول دوست اور معیاری سفری سہولت بھی حاصل ہوگی۔ سول سوسائٹی کے نمائندگان، شہریوں، مسلم لیگ (ن) کے کارکنان اور سوشل میڈیا ٹیم نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے اس عوام دوست منصوبے کو بھرپور انداز میں سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب نے وہاڑی کے عوام کا دیرینہ مطالبہ پورا کر دیا ہے۔ شرکاء نے اس منصوبے کو ترقی، خوشحالی اور جدید پنجاب کے وژن کی عملی تعبیر قرار دیتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں گرین الیکٹرک بس سروس دو روٹس پر چلائی جا رہی ہے۔ بسیں روزانہ صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک چلیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ وہاڑی تا بوریوالا روٹ کی یک طرفہ لمبائی 38 کلومیٹر ہے، جس کے لیے 33 بس اسٹاپ قائم کیے گئے ہیں، جبکہ وہاڑی تا ٹبہ سلطان پور روٹ کی یک طرفہ لمبائی 6.43 کلومیٹر ہے، جہاں 31 بس اسٹاپ قائم کیے گئے ہیں۔ رکن قومی اسمبلی محترمہ تہمینہ دولتانہ نے کہا کہ ضلع وہاڑی میں گرین الیکٹرک بس سروس کا آغاز وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا عوام کے لیے ایک اہم تحفہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ جدید اور ماحول دوست منصوبہ شہریوں کو آرام دہ سفر اور بہتر ماحول فراہم کرے گا۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ گرین الیکٹرک بس سروس کی حفاظت اور دیکھ بھال کو اپنی ذمہ داری سمجھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ خواتین کو اس بس سروس میں مفت سفر کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ایم پی اے میاں ثاقب خورشید نے کہا کہ گرین الیکٹرک بس سروس سے عوام کو محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری سہولت میسر آئے گی، جبکہ 60 سال سے زائد عمر کے افراد بھی مفت سفر کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوامی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبوں پر عمل درآمد کر رہی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی اور دیگر سیاسی شخصیات نے خورشید انور اسٹیڈیم سے وی چوک تک گرین الیکٹرک بس میں سفر بھی کیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر وہاڑی انعم اکرم، سیکرٹری آر ٹی اے کامران انور، خالد سلدیرا، نوشین ملک، وکلا، تاجر رہنما، سیاسی و سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے امید ظاہر کی کہ حکومت پنجاب آئندہ بھی وہاڑی سمیت جنوبی پنجاب کے دیگر اضلاع میں عوامی فلاح و بہبود، جدید ٹرانسپورٹ، انفراسٹرکچر اور ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کرے گی تا کہ عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات ان کی دہلیز پر میسر آسکیں

سانگلہ ہل میں زمین تنازع پر نوجوان مجاہد قتل

مبینہ فائرنگ سے نوجوان جاں بحق پولیس نے ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کر دی

سانگلہ ہل (ملک عابد سے) سانگلہ ہل کے نواحی گاؤں رڑیانہ چک نمبر 31 میں زمین کے تنازع پر سفاکیت کا ہولناک واقعہ پیش آیا ہے، جہاں مخالفین کی مبینہ فائرنگ کے نتیجے میں ایک نوجوان بیدردی سے قتل ہو گیا اس پر تشدد واقعے کے بعد پورے علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ پولیس ذرائع اور عینی شاہدین کے مطابق مقتول نوجوان مجاہد جو کہ روزمرہ کے معمول کے مطابق اپنے جانوروں کے لیے چارہ کاٹنے کی غرض سے اپنے ڈیرے کی طرف جا رہا تھا، راستے میں گھات لگائے بیٹھے مخالفین کی زد میں آ گیا ملزمان نے مبینہ طور پر نوجوان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں مجاہد شدید زخمی ہو کر موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی تھانہ صدر سانگلہ ہل کی پولیس بھاری نفری کے ساتھ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی پولیس نے مقتول کی لاش کو اپنی تحویل میں لے کر ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ جائے وقوعہ سے تمام ضروری شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں اور فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی چھاپہ مار ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں ابتدائی تفتیش سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ زمین کے تنازع کا شاخسانہ ہے ملزمان کو جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ نوجوان مجاہد کے بہیمانہ قتل پر اہل خانہ غم سے نڈھال ہیں جبکہ علاقے کی فضا سوگوار ہے مقامی معززین اور شہریوں نے واقعے پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے تا کہ اس قسم کے پر تشدد واقعات کا سد باب ہو سکے۔

چوہدری طالب حسین ملہی کا پاکستان فرسٹ پیغام

قوم کو اتحاد امید اور ترقی کی راہ اپنانے پر زور دیا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) سینئر سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری طالب حسین ملہی نے کہا ہے کہ 14 اگست 1947 ہماری قومی تاریخ کا سب سے یادگار دن ہے، جس نے مسلمانوں کو ایک آزاد اور خود مختار شناخت دی۔ یہ دن محض ایک تاریخ نہیں بلکہ لاکھوں ماؤں، بہنوں اور بزرگوں کے خون سے لکھی گئی وہ داستان ہے جس کی حفاظت ہم سب پر فرض ہے۔ میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے چوہدری طالب حسین ملہی نے کہا کہ پاکستان کا قیام تاریخ کی سب سے بڑی ہجرت اور بے لوث قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے موجودہ حالات پر بات کرتے ہوئے زور دیا کہ آج قوم کو مایوسی کے اندھیروں سے نکل کر امید اور تعمیر نو کی طرف بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ معاشی اور سماجی چیلنجز سے نمٹنے کا واحد حل یہ ہے کہ ہم اپنے ذاتی، لسانی اور سیاسی اختلافات کو پس پشت ڈال کر صرف "پاکستان فرسٹ" کے نظریے کو اپنائیں۔ ملک کو آگے لے جانے کے لیے ہمیں قائد اعظم کے سنہری اصولوں "ایمان، اتحاد اور تنظیم" کو عملی طور پر اپنانا ہوگا۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملکی ترقی میں اپنا بھرپور اور مثبت کردار ادا کریں۔

چوہدری عمران بوبک کا جشن آزادی پر تجدید عہد پیغام

پاکستان کی ترقی خوشحالی کیلئے کردار ادا کرنے اور آزادی کی قدر کرنے پر زور دیا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) بلدیہ سانگلہ ہل کے سابق کونسلر کوآرڈینیٹر حلقہ پی پی 132 چوہدری عمران بوبک نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان دنیا کا پہلا ملک ہے جو اسلام کے نام پر بنا اور اسکا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا انہوں نے کہا کہ ہم نے بڑی قربانیاں دے کر یہ ملک حاصل کیا قائد اعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت میں ہم نے سو سال کے بعد انگریزوں کی غلامی سے نجات حاصل کی انہوں نے کہا کہ 14 اگست تجدید عہد کا دن ہے اس دن ہم عہد کریں کہ ہم اپنے ملک کی ترقی و خوشحالی کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو ان کے انجام تک پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ ملک دشمن عناصر آج بھی اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کے لئے برسر پیکار ہیں ہمیں دہشت گردی کا سامنا ہے پاک فوج نے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے لاتعداد قربانیاں دی ہیں فوج ملک کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے آزادی کی قدر ان قوموں سے پوچھیں جو محکوم ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کا پہلا ملک ہے جو اسلام کے نام پر بنا اور اس کا نام اسی مناسبت سے اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا انہوں نے کہا کہ زندہ قومیں اپنے اسلاف کے کارناموں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان بننے کے بعد ملک دشمن عناصر نے اس کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کی سازشیں شروع کر دیں ہمیں آج بھی دہشت گردی کا سامنا ہے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پاک فوج نے بے شمار قربانیاں دی ہیں شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے ملک کی نظریاتی و جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کے لیے اپنا تن من دھن قربان کر دیں گے انہوں نے کہا کہ بینک اسلامی بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے ویژن کے مطابق سود سے پاک اسلامی بنکاری کو فروغ دے رہا ہے جشن آزادی پاکستان کے موقع پر عہد کریں کہ ہم نے اسلام کے زریں اصولوں کے مطابق اپنی معیشت کو مضبوط بنانا ہے

بینک اسلامی سانگلہ ہل کا جشن آزادی پر اہم پیغام

محمد قاسم اور ساتھیوں نے پاکستان ترقی اسلامی بنکاری فروغ دینے کا عزم ظاہر کیا

سانگلہ ہل (تحصیل رپورٹر) بینک اسلامی سانگلہ ہل کے مینیجر محمد قاسم کسٹمر سروس مینیجر قمر افتخار اور آفیسر ثاقب سہیل بھٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہمارے بزرگوں نے قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں لاتعداد قربانیاں دینے کے بعد انگریزوں کی غلامی سے نجات حاصل کی آزادی ایک بہت بڑی نعمت ہے اس کی قدر ان قوموں سے پوچھیں جو محکوم ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کا پہلا ملک ہے جو اسلام کے نام پر بنا اور اس کا نام اسی مناسبت سے اسلامی جمہوریہ پاکستان رکھا گیا انہوں نے کہا کہ زندہ قومیں اپنے اسلاف کے کارناموں کو ہمیشہ یاد رکھتی ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان بننے کے بعد ملک دشمن عناصر نے اس کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کی سازشیں شروع کر دیں ہمیں آج بھی دہشت گردی کا سامنا ہے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے پاک فوج نے بے شمار قربانیاں دی ہیں شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے

طارق محمود باجوہ کی سانگلہ ہل ترقی کیلئے ریلوے حکام ملاقات

گرین بیلٹ ماڈل بازار سڑک توسیع اور انڈر پاس منصوبوں پر اہم گفتگو ہوئی

سانگلہ ہل (ملک عابد سے) سابق ممبر پنجاب اسمبلی چوہدری طارق محمود باجوہ نے سانگلہ ہل کے اہم عوامی اور فلاحی منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ (ڈی ایس) ریلوے لاہور سے اہم ملاقات کی ملاقات میں شہر کی ترقی اور بہتری کے لیے کئی دیرینہ اور اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران اہم ترقیاتی منصوبوں اور درکار این او سیز پر گفتگو کی گئی سانگلہ ہل شہر میں خوبصورتی اور ماحولیاتی بہتری کے لیے گرین بیلٹ کے قیام سے متعلقہ این او سی کے اجرا پر بات چیت کی گئی شہریوں کو سستے اور معیاری داموں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی کے لیے مجوزہ ماڈل بازار کے این او سی کے امور کو جلد از جلد طے کرنے پر زور دیا گیا ریلوے روڈ سے لے کر سانگلہ ہل پولیس اسٹیشن تک کی سڑک کو 40 فٹ چوڑا کرنے اور اسے شاندار کارپٹ روڈ میں تبدیل کرنے کے منصوبے کا جائزہ لیا گیا شہر میں ٹریفک کے نظام اور آمد و رفت میں آسانی کے لیے انڈر پاس کی تعمیر کے منصوبے پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ چوہدری طارق محمود باجوہ نے اس موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ سانگلہ ہل کے عوام کی فلاح و بہبود اور شہر کی ترقی ان کی اولین ترجیح ہے انہوں نے ڈی ایس ریلوے لاہور پر زور دیا کہ ان عوامی مفاد کے حامل منصوبوں کو جلد از جلد عملی شکل دی جائے تا کہ علاقے کے عوام جلد از جلد ان سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ ڈی ایس ریلوے لاہور نے اس موقع پر مثبت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ان منصوبوں کے قانونی اور انتظامی امور کو قواعد و ضوابط کے مطابق جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں ملاقات کے اختتام پر باہمی تعاون کے ساتھ ان ترقیاتی منصوبوں کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچانے پر اتفاق کیا گیا۔

سانگلہ ہل میں کمسن بچے پر چھریوں سے حملہ

شدید زخمی بچے کو ہسپتال منتقل ملزمان کے خلاف کارروائی مطالبہ

سانگلہ ہل (ملک عابد سے) محلہ اقبال پورہ گلی مدنی شاہ والی میں معمولی بات پر شروع ہونے والا تنازعہ خونی جھگڑے میں تبدیل ہو گیا جہاں مبینہ طور پر متعدد افراد نے چھریوں کے پے در پے وار کر کے ایک کمسن بچے کو شدید زخمی کر دیا تفصیلات کے مطابق محلہ اقبال پورہ کے رہائشی شہروز عالم ولد شبیر عالم غفاری پر مخالفین کی جانب سے اچانک حملہ کیا گیا ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمان نے معمولی تلخ کلامی کی رنجش پر طیش میں آ کر چھریوں کا استعمال کیا، جس کے نتیجے میں کمسن شہروز عالم کے جسم پر شدید زخم آئے اور وہ خون میں لت پت ہو کر گر پڑا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اہل خانہ اور علاقہ مکینوں نے فوری طور پر زخمی بچے کو تشویشناک حالت میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سانگلہ ہل منتقل کر دیا، جہاں ڈاکٹرز کی ٹیم طبی امداد فراہم کرنے کے لیے مصروف عمل ہے اس پُر تشدد واقعے کے بعد محلے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے شہریوں اور سماجی حلقوں نے اس بہیمانہ تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچے پر حملہ کرنے والے ملزمان کے خلاف فوری طور پر سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تا کہ اس طرح کے ناخوشگوار واقعات کا سد باب کیا جا سکے۔

سانگلہ ہل انٹر چینج روڈ خستہ حالی سے شہری شدید پریشان

شہریوں کا فوری مرمت تعمیر نو اور حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

سانگلہ ہل (ملک عابد سے) موٹروے کو شہر سے ملانے والی اہم ترین شاہراہ "سانگلہ ہل انٹر چینج روڈ" طویل عرصے سے شدید ٹوٹ پھوٹ اور عدم توجہی کا شکار ہے جس کے باعث روزانہ کی بنیاد پر سفر کرنے والے ہزاروں شہریوں، مسافروں اور کاروباری حضرات کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ سڑک کی حالت اتنی خستہ ہو چکی ہے کہ جگہ جگہ بڑے بڑے گڑھے اور شگاف پڑ چکے ہیں جو کسی بڑے حادثے کو دعوت دے رہے ہیں بارش میں یہ گڑھے پانی سے بھر جاتے ہیں، جس سے موٹر سائیکل سواروں اور چھوٹی گاڑیوں کا گزرنا محال ہو جاتا ہے اس صورتحال کی وجہ سے روزانہ ٹریفک جام رہنا معمول بن گیا ہے اور قیمتی گاڑیوں کے پرزے ٹوٹنے سے شہریوں کو مالی نقصان بھی اٹھانا پڑ رہا ہے۔ مقامی شہریوں، تاجروں اور سماجی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ متعدد بار شکایات کے باوجود متعلقہ محکموں اور ضلعی انتظامیہ نے اس اہم سڑک کی مرمت یا تعمیر نو کے لیے کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا ایمبولینسز میں موجود مریضوں اور سکول جانے والے بچوں کو بھی اس خستہ حال سڑک کی وجہ سے شدید اذیت سے گزرنا پڑتا ہے۔ عوام نے وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر لاہور، ڈپٹی کمشنر نکانہ اور دیگر حکام بالا سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور سانگلہ ہل انٹر چینج روڈ کی فوری تعمیر و مرمت کے احکامات جاری کریں تا کہ شہریوں کو اس اذیت سے نجات مل سکے۔

سانگھڑ میر پور خاص روڈ خستہ حالی سے ٹریفک مشکلات میں اضافہ

پریس کلب چوک سڑک مرمت کیلئے ٹرانسپورٹرز اور شہریوں کا فوری مطالبہ سامنے آ گیا



سانگھڑ نامہ نگار ڈاکٹر ارشاد جٹ) سانگھڑ میر پور خاص روڈ پر پریس کلب چوک کے سامنے محکمہ ہائی وے کی مبینہ غفلت کے باعث ہیوی گاڑی کو شدید نقصان پہنچا جبکہ سڑک شدید ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہے، جس کے باعث نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ دیگر شہروں سے آنے والی ہیوی لوڈ ٹریفک کو بھی شدید مشکلات اور مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تفصیلات کے مطابق سانگھڑ شہر کا مصروف ترین میر پور خاص روڈ، پریس کلب چوک کے سامنے کئی برسوں سے خستہ حالی کا شکار ہے۔ سڑک پر پڑنے والے بڑے بڑے گڑھوں کی وجہ سے بھاری گاڑیوں بھوسہ کی گاڑی، گنے کے ٹرک مسافر بس، وین کی آمد و رفت متاثر ہو رہی ہے، جبکہ روزانہ سفر کرنے والے شہری بھی شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ بارش کے بعد گڑھوں میں پانی جمع ہونے سے صورتحال مزید خطرناک ہو جاتی ہے اور حادثات کا خدشہ بڑھ جاتا ہے، دوسری جانب سندھ بس اسیوسی ایشن کے چیئرمین رحمت اللہ بھانجو نے محکمہ ہائی وے کی کارکردگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب چوک میں کئی سالوں سے سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، مگر متعلقہ محکمہ کی جانب سے اب تک کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس خراب سڑک کے باعث ٹرانسپورٹرز کو گاڑیوں کی مرمت پر بھاری اخراجات برداشت کرنا پڑتے ہیں جبکہ عوام کو بھی مشکلات کا سامنا ہے، رحمت اللہ بھانجو، وکیل بھانجو نے وفاقی حکومت سندھ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ پریس کلب چوک کی سڑک کی فوری بنیادوں پر مرمت کرائی جائے تا کہ شہریوں، ٹرانسپورٹرز اور دور دراز سے آنے والی ٹریفک کو مزید نقصان اور پریشانی سے بچایا جا سکے،

ڈسکہ میں غیر قانونی گندم ذخیرہ اندوزوں کے خلاف کارروائی

انتظامیہ نے گندم قبضے میں لے کر قانونی اقدامات شروع کر دیئے

ڈسکہ: (عشرت انصاری) اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ محترمہ سعدیہ جعفر کی خصوصی ہدایات پر عائشہ سیف پیرا فورس نے پولیس کے ہمراہ شہر بھر میں گندم کی غیر قانونی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مختلف گوداموں اور مارکیٹوں میں چھاپے مارے گئے جہاں گندم کو مصنوعی قلت پیدا کرنے کے لیے ذخیرہ کیا گیا تھا۔ انتظامیہ نے موقع پر موجود ذخیرہ شدہ گندم کو قبضے میں لے کر قانونی کارروائی شروع کر دی۔ اسسٹنٹ کمشنر کا کہنا ہے کہ عوام کو آٹے کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ کسی کو بھی عوام کے رزق سے کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گندم اور آٹے کی قیمتوں اور دستیابی سے متعلق کسی بھی شکایت کی فوری اطلاع دیں تا کہ فوری ایکشن لیا جا سکے۔

سیالکوٹ میں چہلم انتظامات کیلئے ضلعی امن کمیٹی اہم اجلاس

انتظامیہ پولیس اور علماء نے امن و امان برقرار رکھنے کیلئے مشترکہ اقدامات کا عزم کیا

1 بہاولپور

ہیلمٹ پہننے سے 58.6 فیصد موٹر سائیکل سوار محفوظ رہے، ٹریفک پولیس کا 51 کلومیٹر طویل آگاہی واک کا انعقاد

ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے شہریوں میں ہیلمٹ کے استعمال کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے 51 کلومیٹر طویل آگاہی واک کا انعقاد کیا۔ واک میں ٹریفک پولیس کے افسران و اہلکاروں کی جانب سے شہریوں میں پمفلٹ تقسیم کیے گئے اور ہیلمٹ کے استعمال کے فوائد سے آگاہی دی گئی۔ ٹریفک پولیس کے مطابق شہر میں موٹر سائیکل سوار 14.7 فیصد حادثات میں ہیلمٹ نہ پہننے کے باعث جاں بحق ہوئے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق رواں سال 58.6 فیصد موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کے استعمال کے باعث محفوظ رہے۔ ٹریفک پولیس کے ایک اہلکار کا کہنا تھا کہ ہیلمٹ کے استعمال سے سر کی شدید چوٹوں سے بچا جا سکتا ہے۔ واک میں شریک شہریوں نے ٹریفک پولیس کی کوشش کو سراہا اور مطالبہ کیا کہ ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنانے کے لیے سڑکوں پر چیکنگ میں اضافہ کیا جائے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق آئندہ ہفتے سے ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سوار کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

2 بہاولپور

ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے والے 2 ہزار 120 افراد کے چالان

ٹریفک پولیس نے ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے والے 2 ہزار 120 افراد کے چالان کر دیے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق یہ کارروائی 28 جون کو شہر کے مختلف چوراہوں پر کی گئی۔ ٹریفک پولیس کے ایک اہلکار کا کہنا تھا کہ ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سوار نہ صرف اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالتے ہیں بلکہ دوسرے شہریوں کے لیے بھی مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ ٹریفک پولیس کے مطابق چالان کیے گئے افراد کو 2 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق رواں ماہ میں ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے 600 سے زائد موٹر سائیکل سوار حادثات میں زخمی ہوئے ہیں، جن میں 18 افراد جاں بحق ہوئے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق شہر کے مختلف چوراہوں پر ہیلمٹ کے استعمال کے حوالے سے آگاہی کے لیے بینرز آویزاں کیے گئے ہیں۔ ٹریفک پولیس کے مطابق آئندہ ہفتے سے ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سوار کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

3 بہاولپور

ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے والے 2 ہزار افراد کے چالان

ٹریفک پولیس نے ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے والے 2 ہزار افراد کے چالان کر دیے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق یہ کارروائی 28 جون کو شہر کے مختلف چوراہوں پر کی گئی۔ ٹریفک پولیس کے ایک اہلکار کا کہنا تھا کہ ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سوار نہ صرف اپنی زندگی کو خطرے میں ڈالتے ہیں بلکہ دوسرے شہریوں کے لیے بھی مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ ٹریفک پولیس کے مطابق چالان کیے گئے افراد کو 2 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق رواں ماہ میں ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے 600 سے زائد موٹر سائیکل سوار حادثات میں زخمی ہوئے ہیں، جن میں 18 افراد جاں بحق ہوئے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق شہر کے مختلف چوراہوں پر ہیلمٹ کے استعمال کے حوالے سے آگاہی کے لیے بینرز آویزاں کیے گئے ہیں۔ ٹریفک پولیس کے مطابق آئندہ ہفتے سے ہیلمٹ کے بغیر سفر کرنے والے موٹر سائیکل سوار کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

4 بہاولپور

ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل چلانے والے 2 ہزار افراد کے چالان

